# اشتہار نیلام عام (تیسری بار)

TMA ڈیرہ اسماعیل خان بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 اپنے سالانہ ٹھیکہ جات برائے سال 2026-27 (از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) صوبائی گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق بذریعہ E-Baldia / E-Auction System کے ذریعے تیسری بار نیلام عام کرنا چاہتا ہے۔ خواہشمند حضرات جنہوں نے برائے سال 2026-27 کے لیے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور سے رجسٹریشن کرائی ہو تو مطلوبہ ٹھیکے کا زر بیعانہ بشکل بینک کال ڈیپازٹ بنام TMO, TMA, DIKHAN بنا کر بمطابق شرائط وضوابط شق نمبر 4 کے تحت متعلقہ ٹھیکہ auction کی تاریخ سے 2 روز قبل cfmis.lgkp.gov.pk کی ویب سائٹ E-Baldia E-Auction System پر upload کرنے کے بعد ٹی ایم اے ڈیرہ اسماعیل خان میں بھی جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ بولی میں حصہ لینے والے حضرات 3 ورکنگ دن، پیر تا بدھ، صبح 09:00 بجے سے شام 04:00 بجے تک آن لائن بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ صرف وہی ٹھیکیداران / فرمز جو لوکل کونسل بورڈ پشاور میں متعلقہ کیٹگری کے تحت رجسٹرڈ ہوں، eauction میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔ شق نمبر 12 کے تحت کامیاب بولی دہندہ تین (3) دن کے اندر 45% ایڈوانس و 5% سیکیورٹی TMA ڈیرہ اسماعیل خان کے اکاؤنٹ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ جبکہ بقیہ 50% رقم 3 برابر اقساط کی صورت میں ماہ جولائی تا ماہ ستمبر تک جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور TMA ڈیرہ سات (7) دن کے اندر تمام قانونی کاروائی اور ایگریمنٹ مکمل کرے گی۔ مقررہ وقت میں ایڈوانس رقم جمع نہ کرانے کی صورت میں بولی خودکار طور پر منسوخ تصور ہوگی اور Earnest money ضبط کرلی جائے گی اور اس صورت میں ٹھیکہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دہندہ کو پیش کیا جاسکتا ہے۔ تمام ٹھیکیداران صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ تمام احکامات و پالیسی گائیڈ لائن برائے سال 2026-27 کے پابند ہوں گے۔ جبکہ جاری کردہ پالیسی گائیڈ لائن / شرائط وضوابط بابت ٹھیکہ جات کی معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں TOR برانچ سے رابطہ کرکے نئی پالیسی گائیڈ لائن / شرائط وضوابط برائے سال 2026-27 کی کاپی حاصل کرسکتا ہے۔ نیز بولی میں کسی بھی ادارے یا محکمہ کا باقی دار شخص یا فرد حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ دوران ٹھیکہ صوبائی و وفاقی حکومت و لوکل انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ احکامات و ٹیکسز، ریونیوز ولیویز کا پابند ہوگا اور نقصان آنے کی صورت میں کسی بھی قسم کی رعایت ہرگز طلب نہ کرے گا۔ دوران آن لائن بولی یا آن لائن بولی کے اختتام تک انٹرنیٹ سروس کے حوالے سے کسی بھی قسم کے تکنیکی مسائل درپیش آئیں تو TMA ڈیرہ اسماعیل خان ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا۔

| نمبر | نام ٹھیکہ | سرکاری بولی | کال ڈیپازٹ | میعاد ٹھیکہ | بولی کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سائن بورڈ فیس | 79,00,000 | 3,95,000 | 01-07-2026 تا 30-06-2027 | 24-08-2026 تا 26-08-2026 |

نیز یہ کہ سائن بورڈ شیڈول جو کہ TMA ڈیرہ اسماعیل خان جاری کرے گی ٹھیکیدار جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہی وصولی کرے گا۔ اس بابت بولی دینے سے قبل سائن بورڈ فیس کے شیڈول کے متعلق TOR برانچ سے دفتری اوقات کار میں معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

نوٹ: مذکورہ ویب سائٹ پر سرکاری بولی و کال ڈیپازٹ کی رقم جو کہ اوپر تحریر ہیں خودکار طور پر 10% زائد دکھائے گی۔ اس لئے کال ڈیپازٹ بنانے سے قبل TOR برانچ سے رابطہ کرکے سرکاری بولی و کال ڈیپازٹ کے بابت معلومات ضرور حاصل کریں۔

**المشتہر: تحصیل آفیسر ریگولیشن TMA، ڈیرہ اسماعیل خان | بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر TMA، ڈیرہ اسماعیل خان**